مقدس بلیز

آپ بہت اچھے طبیب تھے لوگوں کے دُکھ درد دیکھ کر آپ پریشان ہو جاتے تھے۔ اور سوچتے کہ انسانوں کو صرف روحانی خوشی ہی اصل شادمانی دے سکتی ہے۔ بطور کاہن خدمت کرنے کے بعد آپ بشپ بنے۔ آپ بھرپور کوشش کرتے رہے کہ لوگ پاکیزہ اور خوشیوں بھری زندگی بسر کریں۔ شہنشاہ لیسنوئس (Licinius) کے عہد میں جب ایذا رسانیاں شروع ہوئیں تو آپ کو بھی گرفتار کر لیا گیا اور سر تن سے جدا کرنے کا حکم صادر کیا گیا۔ جب آپ ایذا رسانی کیلئے لے جائے جا رہے تھے تو اسی اثناء میں لوگوں کا بڑا ہجوم اپنے بشپ کو دیکھنے کیلئے آیا۔ اسی ہجوم سے ایک عورت بھاگی بھاگی آپ کے پاس آئی اور آپ کو بتایا کہ اُس کے بچے کے گلے میں مچھلی کا کانٹا پھنس گیا ہے اور وہ سخت تکلیف میں مبتلا ہے۔ حالات اس قدر سنگین تھے کہ وہ بچہ قریب المرگ تھا۔ آپ نے دُعا کی اور بچہ اُسی وقت شفا پا گیا۔ یہی وجہ ہے کہ آپ کو شفاعت کے لئے عموماً وہ لوگ پکارتے ہیں جن کو بالخصوص گلے کی بیماریاں ہوتی ہیں۔ دورانِ حیات آپ کو جیل خانے میں بے حد اذیت دی گئی تو بھی آپ نے بہت سے لوگوں کو خداوند کی بشارت دی۔ آخر کار اس کارِ خیر اور مسلسل بشارت کے پھیلاؤ کی بناء پر سن 316 میں آپ کا سر قلم کر دیا گیا۔ مقدس بلیز کی عید ہر سال 3 فروری کو منائی جاتی ہے۔

اے خُداوند خُدا! اپنے بندے مقدس بلیز کی معرفت اپنے لوگوں کو خوشی اور شادمانی عطا کر۔ سب بیماروں کو شفا دے خاص کر اُن کو جو گلے کی بیماریوں میں مبتلا ہیں۔ آمین